# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 09 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۹رفروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ دہلی اسمبلی انتخابات میں بھارتیہ جنتا پارٹی کو واضح اکثریت؛ سابق وزیرِ اعلیٰ اروند کیجر یوال کو شکست۔

☆ ذرائع ابلاغ کو تخلیقی طور پر ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت: وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا اظہارِ خیال۔

☆ لاڈکی بہن اسکیم کیلئے نااہل قرار دی جانے والی خواتین کو جنوری سے اعزازی فنڈ نہیں دیا جائے گا۔ وزیر آدیتی ٹکرے کی وضاحت۔

☆ مراٹھا ریزرویشن رہنماء منوج جرانگے پاٹل کا 15 فروری سے دوبارہ بھوک ہڑتال کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ قومی کھیلوں میں 25 طلائی تمغوں سمیت مہاراشٹر کو سب سے زیادہ 113 تمغے۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

دہلی اسمبلی انتخابات میں بھارتیہ جنتا پارٹی نے واضح اکثریت حاصل کرلی ہے۔ 5 فروری کو ہوئے ان انتخابات کیلئے ووٹوں کی گنتی گذشتہ روز عمل میں آئی۔ جس میں بی جے پی نے 48 نشستوں پر فتح حاصل کی، جبکہ سابقہ حکمراں جماعت عام آدمی پارٹی کو 22 نشستوں پر اکتفاء کرنا پڑا۔ کانگریس پارٹی ایک بھی نشست پر کامیابی حاصل کرنے میں ناکام رہی۔ نئی دہلی حلقۂ انتخاب سے سابق وزیرِ اعلیٰ اروند کیجر یوال کو شکست ہوئی بی جے پی کے پرویش ورما نے کیجر یوال کو چار ہزار نواسی ووٹوں سے شکست دی۔ جنگ پورا اسمبلی حلقے سے عام آدمی پارٹی کے رہنماء منیش شسودیا کو بی جے پی کے ترویندر سنگھ مارواہ نے محض 675 ووٹوں سے ہرایا۔ دہلی کی وزیرِ اعلیٰ آتشی نے کالکاجی حلقۂ انتخاب سے بی جے پی امیدوار رمیش بدھوڑی کے خلاف تین ہزار 521 ووٹوں کے فرق سے فتح حاصل کی۔

اسی دوران 26 برس بعد دہلی میں برسرِ اقتدار آنے پر بی جے پی میں خوشی کا ماحول ہے۔ بی جے پی کے دہلی دفتر سمیت پارٹی کے دیگر دفاتر پر کارکنوں نے مٹھائی تقسیم کے اور آتش بازی کر کے جیت کا جشن منایا۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اسے ترقی اور گڈ گورننس کی فتح قرار دیا ہے۔ کل دہلی میں بی جے پی کے صدر دفتر پر منعقدہ ایک پروگرام میں انھوں نے رائے دہندگان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ دہلی کو ترقی یافتہ بھارت کا ترقی یافتہ دارالحکومت بنائیں گے اور دہلی والوں کی خدمت کیلئے مزید موثر طور پر کام کریں گے۔ بزرگ سماجی کارکن انا ہزارے نے دہلی کے نتائج پر عام آدمی پارٹی پر شدید نکتہ چینی کی۔ انھوں نے کہا کہ اگرچہ کیجر یوال کی زبان میں خلوص ہے لیکن عملی طور پر ان کے کام اس کے برعکس ہیں اور دہلی کے رہنے والوں نے قول و فعل کے اس تضاد کو پہچان لیا ہے اور اسی لیے کیجر یوال کا ووٹ بینک کم ہوا۔

دریں اثناء اتر پردیش کے ملکی پورا اسمبلی حلقہ میں ہوئے ضمنی انتخاب میں بی جے پی کے چندر بھانو پاسوان نے سماج وادی پارٹی کے اجیت پرساد کو 61 ہزار سے زائد ووٹوں سے شکست دی۔ تملناڈو کے ایروڈ اسمبلی حلقے کے ضمنی انتخاب میں ڈی ایم کے کے چندھیر کماری وی سی نے اپنے مخالف کے خلاف 91 ہزار سے زائد ووٹوں سے فتح حاصل کی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ترغیب دی ہے کہ ذرائع ابلاغ کو تخلیقی انداز میں کام کرنا چاہیے۔جلد خبریں دینے کی دوڑ میں بھی خبروں کی جڑ تک پہنچنے اور خبروں کی تصدیق کرتے وئے ذمہ دارانہ رویہ اختیار کرنا چاہیے۔کل پونا میں ریاست کے پہلے '' جئے پور ڈائیلاگ ڈیکن سمٹ '' میں بزرگ صحافی اور سیاسی تجزیہ نگار بھاؤ تورسیکر اور جئے پور ڈائیلاگ کے سربراہ سنجئے دکشت نے پھڑنویس سے گفت وشنید کی۔اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ نے تیقن دیا کہ جئے پور ڈائیلاگ کے اچھے کاموں کی حکومت ہمیشہ حمایت کرے گی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ ماجھی لاڈ کی بہن اسکیم میں نااہل قرار دی جانے والی خواتین کو ماہِ جنوری سے اعزازی مشاہرہ نہیں دیا جائے گا۔یہ اعلان خواتین واطفال کی بہبود کی وزیر آدیتی تٹکرے نے کیا۔تاہم انھوں نے وضاحت کی کہ اسکیم سے مستفید ہوچکی نااہل خواتین کو جولائی 2024 تا دسمبر 2024 کے دوران دی گئی رقومات واپس نہیں لی جائیگی۔

دریں اثناء حکومت کے اس فیصلے پر سخت تنقید کرتے ہوئے مہاراشٹر پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر اور رکنِ اسمبلی نانا پٹولے نے حکومت کے اس طرزِ عمل کو لاڈ کی بہن سے غداری قرار دیا ہے۔وہ کل ممبئی میں صحافیوں سے گفتگو کررہے تھے۔

***** ***** *****

بزرگ صحافی پنڈھری ناتھ ساونت کل ممبئی میں چل بسے۔وہ 90 برس کے تھے۔ساونت کو ماضی میں مختلف ایوارڈز دیئے جاچکے ہیں۔ان کی آخری رسومات کل ادا کردی گئیں۔وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس، نائب وزرائے اعلیٰ اجیت پوار اور ایکناتھ شندے نے اُن کی موت پر شدید رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن تحریک کے رہنماء منوج جرانگے پاٹل نے آئندہ 15 فروری سے انتر والی سراٹی میں دوبارہ غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔کل انتر والی سراٹی میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ آئندہ دو دِنوں میں مراٹھا بھائیوں سے صلاح ومشورہ کرکے ممبئی میں مورچہ نکالنے سے متعلق فیصلہ بھی کریں گے۔اس سے قبل ساتویں بھوک ہڑتال ختم کرتے وقت رُکنِ اسمبلی سریش دھس نے وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس سے گفتگو کرنے کے بعد تیقن دیا تھا کہ ان کے چار مطالبات فوری منظور کیے جائیں گے۔تاہم 15 دن گذر جانے کے باوجود بھی اس پر کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

عدالتِ عظمیٰ کے جج جسٹس بھوشن گوائی نے کہا ہے کہ بزرگ سماجی کارکن بابا آمٹے اور سادھنا آمٹے کے روپ میں ہم سب نے دیو کو دیکھا ہے۔ بابا آمٹے کے آنندوَن پروجیکٹ کے امرت مہوتسو کے سلسلے میں آنندوَن میں دوروزہ تقریب سے وہ خطاب کررہے تھے۔کل صبح وُرکش دِنڈی کے ساتھ مرکزی پروگرام کا آغاز ہوا۔اس سلسلے میں متعدد پروگرامز اور سیمینار بھی منعقد کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

آبی تحفظ کے وزیر اور اہلیا نگر ضلع کے رابطہ وزیر رادھا کرشن وکھے پاٹل نے کہا ہے کہ گذرتے وقت کے ساتھ ساتھ زرعی شعبے میں ہونے والے تغیرات کو کسانوں کو قبول کرنا چاہیے۔راہتا تعلقے کے راجوری میں زرعی نمائش کی افتتاحی تقریب سے وہ خطاب کررہے تھے۔انھوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ آرگینک زراعت کو فروغ دینے کیلئے مرکز اور ریاستی حکومتوں کی پالیسیاں کارگر ثابت ہوں گی۔

***** ***** *****

ریاست کے دیہی ترقیات اور پنچایت راج کے وزیر جئے کمار گورے نے مراٹھواڑہ کے تمام ضلع پریشد دفاتر کو حکم دیا ہے کہ صدر روزہ منصوبے کے تحت عوامی' شفاف اور متحرک اقدامات کرکے آواس یوجنا اور لکھ پتی دیدی اسکیموں کے اہداف حاصل کریں۔کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں پنچایت راج محکمے کے جائزہ اجلاس سے وہ مخاطب تھے۔اس موقع پر انھوں نے کہا کہ اُمید کی جانب سے بچت گروپوں کی تیار کردہ اشیاء' نمائش اور فروخت کیلئے ہر ضلع میں ''امید مال''، تعمیر کیا جائے گا۔انھوں نے مزید کہا کہ خواتین اب غذائی اشیاء سے آگے بڑھ کر بچت گروپوں کے ذریعے مختلف اشیاء تیار کر رہی ہیں اور ان کی عمدہ تشہیر بھی کر رہی ہیں اور ان اشیاء کی ہم نمائش کر رہے ہیں' جہاں خواتین کے ساتھ 70 لاکھ روپئے کے پروڈکٹس کی مارکیٹنگ بھی ہو رہی ہے۔جس سے خواتین کے ذرائع آمدنی بڑھیں گے۔اس کو دیکھنے پر خیال آیا ہے کہ خواتین کی اشیاء کی فروخت کیلئے مستقل پلیٹ فارم فراہم کرنے کی غرض سے ہر ضلع میں خواتین کیلئے اُمید مال قائم کیا جائیگا۔

***** ***** *****

اُتراکھنڈ میں جاری قومی کھیلوں میں مہاراشٹر نے تمغوں کی سنچری مکمل کر لی ہے۔مہاراشٹر نے سب سے زیادہ 113 تمغے حاصل کیے،جن میں 25 طلائی' 42 نقرئی اور 46 کانسے کے تمغے شامل ہیں۔خواتین کے باکسنگ مقابلوں میں دِیویا پوار نے 45 کلو زمرے میں طلائی تمغہ حاصل کیا۔خواتین ٹینس کے ٹیم ایونٹ کے فائنل میں مہاراشٹر نے گجرات کو شکست دیکر طلائی تمغہ جیتا۔ان کھیلوں میں پربھنی ضلع اَتھلیٹکس ادارے کے کھلاڑی کرن ماترے نے 10 ہزار میٹر دوڑ میں نقرئی تمغہ حاصل کیا۔کرن' سرِ دست مسلح افواج کی نمائندگی کر رہے ہیں۔

***** ***** *****

بھارت اور انگلینڈ کے مابین ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچوں کی سیریز کا دوسرا میچ آج اُڑیسہ کے شہر کٹک میں کھیلا جائیگا۔تین میچوں کی اس سیریز میں پہلا میچ جیت کر بھارت نے ایک-صفر کی برتری حاصل کر رکھی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے ماجل گاؤں میں پھول سنگھ نگر تانڈے میں کل کھچڑی کھانے کے بعد طبعیت خراب ہونے پر ماجل گاؤں کے دیہی اسپتال میں گیارہ بچوں کو داخل کر دیا گیا ہے۔اسپتال کے ڈاکٹر مدھو کر گھوبڑے نے بتایا ہے کہ تمام بچوں کی حالت ابھی بہتر ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ دہلی اسمبلی انتخابات میں بھارتیہ جنتا پارٹی کو واضح اکثریت؛ سابق وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کو شکست۔

☆ ذرائع ابلاغ کو تخلیقی طور پر ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت: وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا اظہارِ خیال۔

☆ لاڈکی بہن اسکیم کیلئے نااہل قرار دی جانے والی خواتین کو جنوری سے اعزازی فنڈ نہیں دیا جائے گا۔وزیر آدیتی تٹکرے کی وضاحت۔

☆ مراٹھا ریزرویشن رہنماء منوج جرانگے پاٹل کا 15 فروری سے دوبارہ بھوک ہڑتال کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ قومی کھیلوں میں 25 طلائی تمغوں سمیت مہاراشٹر کو سب سے زیادہ 113 تمغے۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔